کیا آپ ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر کی خدمات حاصل کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں؟

صارفین کے لیے فوری اشارے

NYC میں کسی بھی رہائشی عمارت پر $200 سے زیادہ کی لاگت والا کام کرنے کے لیے کسی شخص یا کاروباری ادارے کے پاس ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔ ہوم امپرومنٹ ورک میں ری ماڈلنگ (دوبارہ تشکیل) یا مرمتیں شامل ہیں۔ اس میں نئے گھر کی تعمیر، پلمبنگ، یا خالصتاً برقی کام شامل *نہیں* ہیں۔

اپنے گھر اور پیسے کی حفاظت کے لیے ان اشاروں پر عمل کریں:

ہمیشہ لائسنس یافتہ ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹرسے کام لیں۔

لائسنس کی حیثیت جانچنے کے لیے ممکنہ تحفظ صارفین اینڈ ورکر پروٹیکشن (Department of Consumer and Worker Protection, DCWP) سے **311** پر رابطہ کریں یا nyc.gov/dcwp پردیکھیں۔ صارفین پر کلک کریں ← *لائسنس جانچ کریں۔*

جب وہ لائسنس یافتہ ہوں گے، تو آپ کا تحفظ ہوگا۔

اگر DCWP کے کسی ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر پر آپ کی رقم باقی ہے تو آپ ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر ٹرسٹ فنڈ سے اپنی رقم کی باز ادائیگی کے اہل ہیں۔ مزید معلومات کے لیے پشت پر دیکھیں۔ ***ہوشیار رہیں:*** *اگر آپ غیر لائسنس یافتہ ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر سے کام لیتے ہیں تو آپ ٹرسٹ فنڈ سے باز ادائیگی کے اہل نہیں ہیں۔*

ان کاموں کی فہرست بنائیں جو آپ کرنا چاہتے ہیں۔

ایک سے زیادہ ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹروں سے بات کرنے کے لیے تیار رہے۔ پروجیکٹ کی تفصیلات جانیں، بشمول تفصیلی خصوصیات جو آپ چاہتے ہیں۔ اپنے بجٹ کو جانیں، خاص طور پر بجٹ کی حدود۔

ایک سے زیادہ لائسنس یافتہ آپ کے طلب کرنے پر ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر کو چاہیے کہ آپ کو تخمینہ فراہم کریں۔

اگر آپ درخواست کرتے ہیں تو ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹرکو آپ کو تحریری تخمینہ دینا چاہیے۔ وہ معقول اجرت وصول کر سکتے ہیں، لیکن تخمینہ تیار کرنے سے پہلے آپ کو خرچ ضرور بتا دیں گے۔ DCWP کا تیار کردہ نمونہ جاتی تخمینہ دیکھنے کے لیے nyc.gov/dcwp پر جائیں۔

قابل اعتماد حوالہ جات حاصل کریں اور شکایت کے گزشتہ معاملات کی جانچ کریں۔

DCWP سے شکایت کے معاملات کی جانچ کرنے کے لیے **311** پر کال کر کے "بزنس بیک گراونڈ چیک" کہیں۔ NYC سے باہر کی ایجنسیوں سے بھی شکایات کے معاملات کی جانچ کریں۔

NYC سے باہر

ناساؤ کاؤنٹی (Nassau County)
محکمۂ امور صارفین
nassaucountyny.gov ("کنزیومر افیئرز" تلاش کریں)

سوفولک کاؤنٹی (Suffolk County)
امور صارفین ڈویژن
suffolkcountyny.gov ("کنزیومر افیئرز" تلاش کریں)

ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی (Westchester County)
محکمۂ تحفظ صارفین
consumer.westchestergov.com

نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ
ڈویژن آف کنزیومر پروٹکشن
dos.ny.gov/consumer-protection

NYC Consumer and Worker Protection

ختم >

اپنے کنٹریکٹ کے حقوق جانیں۔

- ☑ کنٹریکٹر کو چاہیے کہ آپ کو تحریری تخمینہ دے جس پر آپ اور ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر دونوں دستخط کریں گے۔
- ☑ معاہدے میں منسوخی کی اطلاع کا علاحدہ فارم شامل ہونا ضروری ہے۔
- ☑ کام شروع کر سکنے سے پہلے کنٹریکٹر آپ کو معاہدے کی ایک نقل (کاپی) دے گا۔
- ☑ معاہدے اور منسوخی کی اطلاع نامہ کا فارم آسان انگریزی میں ہوگا۔ اگر آپ معاہدے پر کسی دوسری زبان میں گفت و شنید کریں گے، تو کنٹریکٹر معاہدے کی نقل (کاپی) اور منسوخی کی اطلاع کا فارم اس دوسری زبان میں دے گا۔
- ☑ معاہدے میں اہم تاریخیں، ان کاموں کی تفصیل جو کیے جاتے ہیں، ان سامانوں کی تفصیل جو کنٹریکٹر فراہم کرتے ہیں، ادائیگیوں کا کوئی مقررہ نظام اوقات، اور تمام اجرتیں، ضمانتیں اور یقین دہانیاں شامل ہیں۔

DCWP کے تیار کردہ نمونہ جاتی معاہدہ اور منسوخی کے اطلاع نامہ کا فارم اور تبدیلی آرڈر فارم دیکھنے کے لیے nyc.gov/dcwp پر جائیں۔

نقد یا معاہدے کے بغیر ادائیگی ہرگز نہ کریں۔

- ☑ کام شروع کرانے کے لے کل معاہدتی رقم سے 25% زیادہ ہرکز نہ ادا کریں۔
- ☑ تمام کاغذی اندراجات اور ادائیگیوں پر نگاہ رکھیں۔

ذاتی طور پر رقم کا انتظام کریں۔

ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹرز کو ہوم امپرومنٹ قرض کی پیشکش یا اس کا انتظام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ خود اپنے بینک یا کریڈٹ یونین کا استعمال کریں۔

مفت مالیاتی مشاورت

اگر آپ کو رقوم سے متعلق مدد درکار ہو، تو آپ کو تعاون دینے کے لیے NYC فائنانشل امپرومنٹ سنٹرز (مالی استحکام مراکز) موجود ہیں۔

آج ہی ملنے کا وقت مقرر کریں:
nyc.gov/TalkMoney پر جائیں | **311** پر کال کریں

اجازت نامے دیکھنے کے لے کہیں۔

آپ کے ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر کو چاہیے کہ زیر معاہدہ ورک کی تکمیل کے لیے ضروری ہر اجازت نامہ، لائسنس، تصدیق نامۂ قبضہ یا خصوصی استثناء حاصل کرے۔ اگر کام شروع کرنے سے پہلے آپ کے کنٹریکٹر کے پاس ضروری اجازت نامے نہیں ہیں تو اس کے نتیجے میں آپ کو جرمانہ ادا کرنا پڑے گا۔

شکایت درج کرائیں۔

کسی ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر کے معاہدے اور کام کے معیار سے متعلق تنازعات کی اطلاع دینے کے لیے **311** پر فون کریں یا nyc.gov/dcwp پر جائیں۔

ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر ٹرسٹ فنڈ

آپ باز ادائیگی کی اہل ہو سکتے ہیں اگر DCWP کے لائسنس یافتہ ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر:

- معاہدہ شدہ کام مکمل نہیں کیا؛ یا
- اس پر آپ کے پیسے باقی ہوں۔

ہوم امپرومنٹ کنٹریکٹر ٹرسٹ فنڈ کے توسط سے باز ادائیگی سے متعلق معلومات کے لیے nyc.gov/dcwp پر جائیں۔